سوال

(403) منتخب امام کی صفات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام منتخب کرنے کے لئے حدیث میں چار صفات بیان ہوئی ہیں۔ مولانا صادق سیالکوٹی رحمہ اللہ نے سبیل الرسول میں صحیح مسلم کا حوالہ دیا ہے لیکن مجھے وہ حدیث وہاں نہیں ملی۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے بخاری شریف میں ایک باب اس طرح قائم کیا ہے: باب اھل العلم والفضل احق بالإمامة'' اوراس باب کے تحت حدیث نمبر ۶۴۲ میں ابوبکر صدیقؓ کی امامت کا واقعہ بیان فرمایا ہے حالانکہ قرات کے لحاظ سے حضرت اُبی بن کعبؓ سب سے زیادہ قاری تھے ان دونوں احادیث میں مطابقت کس طرح دی جائے گی۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مطلوبہ حدیث صحیح مسلم میں ''باب من احق بالإمامة'' کے تحت موجود ہے۔ (ج ا ص: ۴۶۵ طبعہ دارعالم الکتاب) قصہ ابی بکر ایک مخصوص واقعہ ہے بخلاف ابو مسعود کی حدیث کے، اس میں ایک قاعدہ کلیہ بیان ہوا ہے جو عموم کا فائدہ دیتا ہے۔ اَقرَأ (زیادہ خوبصورت تلاوت کرنے والے) پر علم والے کو مقدم کرنے کا استدلال درست نہیں۔ تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو مرعاة المفاتیح کتاب الصلوٰة، باب الامامة، الفصل الاوّل، ج: ۴، ص: ۴۵، طبع سرگودھا

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 364

محدث فتویٰ